سوال

(270) بے نمازی اور شراب خور پر احسان کرنے سے ثواب ملے گا یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سائل یا مسافر یا پڑوسی یا قرابت دار جو غیر متعصب پرہیز گار حنفی ہوں، یا بے نمازی ہوں، یا تاڑی باز، یا شراب خور ہوں، ان کے ساتھ کھانا، کپڑا، پسہ، غلو وغیرہ کے ذریعہ سلوک اور احسان کرنے سے ثواب ملے گا یا نہیں؟۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نیک، صالح، غیر بتدع مسلمان کے ساتھ سلوک واحسان کرنے سے ہر حال میں ثواب ہی ملے گا مَن ذَا الَّذِي يُقرِضُ اللَّهَ قَرضًا حَسَنًا فَيُضاعِفَهُ لَهُ أَضعافًا كَثيرَةً وَاللَّهُ يَقبِضُ وَيَبسُطُ وَإِلَيهِ تُرجَعونَ (سورة البقرہ245) وَما تُقَدِّموا لِأَنفُسِكُم مِن خَيرٍ تَجِدوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيرًا وَأَعظَمَ أَجرًا وَاستَغفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفورٌ رَحيمٌ (سورة المزمل:20) اور فاسق فاجر یا بدعتی ومشرک کے ساتھ سلوک کرنے کا ثواب اس وقت ملے گا جب وہ خستہ حال مضطر وپریشان فاقہ زدہ ہو۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں (فی کل کبد رطبہ اجر)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 2۔کتاب جامع الاشتات والمتفرقات

صفحہ نمبر 507

محدث فتویٰ